NYC Children

CHILDREN ARE NOT FOR SALE

# بچے کی غیر قانونی تجارت اور آپ جو کچھ کر سکتے ہیں اس کو سمجھنا



**گہرا آسمانی**
انسانوں کی غیر قانونی تجارت سے متعلق بیداری‌اور روک تھام کے لیے باضابطہ رنگ ہے۔ گہرے نیلے رنگ کی پٹی باندھ کر ہم انسانوں کی غیر قانونی تجارت اور بچوں کے جنسی استحصال سے متعلق بیداری میں اضافہ کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

## اگر آپ کو یقین ہو کہ وہ فرد فوری خطرے میں مبتلا ہے تو 9-1-1 پر کال کریں۔

## اگر آپ کا تعلق ACS، رضاعی نگہداشت، تدارکی خدمات یا انصاف اطفال سے ہو تو براہ کرم درج ذیل کو بھی مطلع کریں:

- ACS چائلڈ ٹریفکنگ میل باکس کو اس پر: Child.trafficking@acs.nyc.gov
- NYPD کو، OCFS-3922 کو 15-OCFS-ADM-16 کے مطابق استعمال کرکے، جنس کی غیر قانونی تجارت کی وفاقی تعریف پر پورا اترنے والے بچے کے لیے فارم مکمل کرنے کے بعد، VED@nypd.org اور Child.trafficking@acs.nyc.gov پر ای میل کریں، اور **212-694-3013** پر فون کال کے ساتھ فالو اپ کریں، جو پیر سے جمعہ تک، 10 بجے صبح سے 6 بجے شام تک دستیاب ہے۔ اگر آپ LER کو کاروباری اوقات کے بعد ای میل کرتے ہیں، تو براہ کرم یقینی بنائیں کہ اگلے کاروباری دن میں فوری طور پر فالو اپ فون کال کی جاتی ہے۔
- NYS کے دفتر برائے عارضی و معذور سے متعلق اعانت (Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA) کو جنس کی غیر قانونی تجارت کی وفاقی تعریف پر پورا اترنے والے بچے کے لیے متاثرہ فرد کی تصدیق کی کارروائی شروع کرنے کے لیے۔ نیو یارک اسٹیٹ کا حوالہ ہیومن ٹریفکنگ وکٹم کو **518-485-9611** پر فیکس کریں

## اگر آپ کو اس بات کا معقول شبہ ہو کہ بچے کو غیر قانونی طریقے سے لایا گیا ہے تو کس کو کال کریں:

## ہر کوئی:

- نیشنل ہیومن ٹریفکنگ ہاٹ لائن کو **888-373-7888** پر یا **233733** پر ٹیکسٹ کریں
- NYPD ہیومن ٹریفکنگ ہاٹ لائن: **646-610-7272**
- اگر بچہ غیر قانونی تجارت کا شکار ہے اور گھر یا پروگرام سے غائب ہے تو: براہ کرم مقامی لاء انفورسمنٹ کو گمشدہ بچے کی اطلاع دیں اور قومی مرکز برائے گمشدہ اور استحصال کے شکار بچے (National Center for Missing and Exploited Children, NCMEC) کو **1-800-THE-LOST (800-843-5678)** پر مطلع کریں یا ان کی سائبر ٹپلائن (Cyber Tipline) کا **www.missingkids.com** پر استعمال کریں
- اگر مشتبہ ٹریفکر والدین یا بچے کے لیے قانونی طور پر ذمہ دار فرد ہے یا اس نے بدسلوکی، غلط برتاؤ یا محتاج بنانے کے ذریعے غیر قانونی تجارت کی صورتحال میں شامل رہا ہے تو: NY کا ریاست پیما مرکزی رجسٹر برائے بچے کے ساتھ بدسلوکی اور غلط برتاؤ کو اس نمبر پر: **1-800-342-3720**
- اگر آپ کے پاس یہ یقین کرنے کی معقول وجہ ہو کہ رہائشی نگہداشت میں رکھوانے کے دوران بچے نوعمر فرد کے ساتھ بدسلوکی یا بے توجہی ہوئی ہے تو نیو یارک اسٹیٹ کے مرکز انصاف کو **1-855-373-2122** پر کال کریں

**مزید جاننے کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں:**
www1.nyc.gov/site/acs/youth/traffickedyouth.page یا براؤز کریں > "NYC ACS نوجوانوں کی غیر قانونی تجارت کی روک تھام"

- **غیر قانونی تجارت کے شکار بچے کے معاملات/معاملے کے استفسارات کی رپورٹ کرنے کے لیے:**
  Child.trafficking@acs.nyc.gov
- **آئندہ تربیتوں کے بارے میں معلومات کے لیے:**
  Traffickingtraining@acs.nyc.gov
- **چائلڈ ٹریفکنگ ڈیٹابیس (CTDB) کی تشویشات کے لیے:**
  CTDB@acs.nyc.gov
- **استحصال کنندہ اور گروہی ٹیٹوز کے اخراج کے بارے میں استفسارات کے لیے:**
  Child.tattoo.removal@acs.nyc.gov

NYC Children

NYC Children | Child Trafficking Prevention and Policy

## آفس آف چائلڈ ٹریفکنگ پریوینشن اینڈ پالیسی (Office of Child Trafficking Prevention and Policy, OCTPP)

**شعبہ برائے خاندان کا دوام / بڑی عمر کے نوجوانوں کے لیے خدمات کا دفتر (Division of Family Permanency / Office of Older Youth Services)**

**Jess Dannhauser**، کمشنر

**Ina Mendez**، ڈپٹی کمشنر

**Sabine Chery**، معاون کمشنر

**Selina Higgins**، LCSW-R ، ایگزیکیٹو ڈائریکٹر، آفس آف چائلڈ ٹریفکنگ پریوینشن اینڈ پالیسی

## آفس آف چائلڈ ٹریفکنگ پریوینشن اینڈ پالیسی کے بارے میں

ACS کا آفس آف چائلڈ ٹریفکنگ پریوینشن اینڈ پالیسی (OCTPP) غیر قانونی تجارت سے متعلق بیداری بڑھانے کے لیے کام کرتا ہے اور غیر قانونی تجارت کے شکار اور خطرے میں مبتلا بچوں اور ان کے اہل خانہ کو شناخت کرنے میں اعانت کرتا ہے۔ OCTPP استفسارات کا جواب دیتا ہے، مشاورتیں اور تکنیکی اعانت فراہم کرتا ہے، تربیت تیار اور فراہم کرتا ہے، چائلڈ ٹریفکنگ ڈیٹابیس (Child Trafficking Database, CTDB) برقرار رکھتا ہے اور غیر قانونی تجارت کے شکار اور خطرے میں مبتلا افراد کے ساتھ بہترین طرز عملکے مدنظر پالیسیاں اور طریقہ کار فروغ دینے کے لیے مستفیدین کے ساتھ کام کرتا ہے۔ OCTPP **"Movin' On" کی بھی قیادت کرتا ہےACS: کے چائلد ٹیٹو ایریڈیکیشن پروجیکٹ اور نیٹورک**، جو استحصال کے شکار اور گروہ میں ملوث نوجوانوں کے لیے طبی فراہم کنندگان کے ساتھ ٹیٹو سے متعلق مشاورت کے لیے حوالے پر زور دیتا ہے۔

# انسانوں کی غیر قانونی تجارت کیا ہے؟

انسانوں کی غیر قانونی تجارت **دور جدیدکی غلامی** ہے۔ انسانوں کی غیر قانونی تجارت اس وقت پیش آتی ہے جب کوئی فرد زبردستی، فریب یا جبر کے سبب کسی اور کے فائدے کے لیے جنسی اور/یا مزدوری کی خدمات میں شامل ہوتا ہے، یا جب 18 سال سے کم عمر کا نوجوان تجارتی جنسی عمل میں شامل ہوتا/ہوتی ہے۔



# انسانوں کی غیر قانونی تجارت کی قسمیں:

- مزدور کی غیر قانونی تجارت
- جنس کی غیر قانونی تجارت
  - بچوں کا تجارتی جنسی استحصال
- عضو کی غیر قانونی تجارت

NYC Children

## بچہ مزدوری کی غیر قانونی تجارت:

جب 18 سال سے کم عمر کے بچے کو زبردستی، فریب یا جبر کے ذریعہ مزدوری یا خدمات انجام کے لیے شامل کیا جاتا ہے۔

- **زبردستی: جب کوئی فرد تشدد، دست درازی، عصمت دری، غذا/نیند سے محرومی،** زبردستی دوا کے استعمال، اغوا کے ذریعہ دوسرے فرد کو کنٹرول کرتا ہے
- **فریب: لوگوں کو کسی ایسی چیز میں پھنسانا جسے وہ بصورت دیگر نہیں کریں گے** پُرفریب ملازمت کے معاہدے، محبت/شادی، فروخت میں بے ایمانی
- **جبر: پسماندگان یا ان کے عزیز و اقارب کے خلاف دھمکیوں کا استعمال کرنا** ملک بدری یا بلیک میل، قرض کے بندھن کی دھمکیاں، چھوڑ دینے کی دھمکیاں، اجرتیں یا قانونی دستاویزات روک لینا، نفسیاتی ساز باز

## جنس کی غیر قانونی تجارت (وفاقی تعریف):

ٹریفکنگ وکٹمز پروٹیکشن ایکٹ (Trafficking Victims Protection Act, TVPA) کے مطابق: "تجارتی جنسی عمل کے مقصد سے کسی فرد کی بحالی، بھرتی، نقل و حمل، فراہمی یا حصول"

## چائلڈ سیکس ٹریفکنگ:

کوئی بھی ایسا واقعہ جس میں 18 سال سے کم عمر کے فرد نے جنسی عمل کا تبادلہ کیا ہو یا مالیت والی کسی چیز کے بدلے میں جنسی عمل انجام دیا ہو۔ اسے بچوں کے تجارتی جنسی استحصال (Commercial Sexual Exploitation of Children, CSEC) کے بطور جانا جاتا ہے۔

## چائلڈ سیکس ٹریفکنگ: بچوں کا تجارتی جنسی استحصال (CSEC)

کوئی بھی ایسا واقعہ جس میں 18 سال سے کم عمر کے فرد نے جنسی عمل کا تبادلہ کیا ہو یا تبادلہ کرنے پر اتفاق کیا ہو یا پیسوں یا کسی مالیت والی چیز کے بدلے میں جنسی عمل انجام دیا ہو۔ اسے بچوں کے تجارتی جنسی استحصال (CSEC) کے بطور جانا جاتا ہے۔

چائلڈ سیکس ٹریفکنگ میں یہ بھی شامل ہو سکتا ہے:

- فیس کے بدلے میں یا مالیت والے کسی آئٹم کے مدنظر جماع میں مشغول ہونا یا مشغول ہونے پر تیار ہونا یا اس کی پیشکش کرنا
- بچوں کے جنسی استحصال کا مواد (CSAM): جنسی طور پر عریاں تصاویر، ویڈیوز، سوشل میڈیا پوسٹس، اشتہارات
- غیر مانوس رقص یا پرفارمنس
- جال میں پھنسانا
- ہمراہی کی خدمات
- کھانے، کپڑے یا قیام کی جگہ یا دیگر بنیادی ضروریات کے لیے جنس کی تجارت کرنا (بقا کے لیے جنسی عمل)
- مطلوبہ اشیاء کے لیے جنس کی تجارت کرنا

**CSEC ایک جرم ہے! اس کی رپورٹ کی جانی چاہیے اور متاثرین کو مناسب خدمات فراہم کی جانی چاہئیں!**

## خاص طور پر ٹریفکنگ کے تئیں زد پذیر نوجوانوں میں شامل ہیں:

- گھر سے فرار یا بے گھر نوجوان
- رضاعی نگہداشت کے نظام اور/یا انصاف اطفال کے نظام (نظاموں) میں شامل بچے
- بدسلوکی، (خاص طور پر جنسی بدسلوکی)، غلط برتاؤ یا بے توجہی کی سرگزشت والے بچے
- ممنوعہ اشیاء کے بیجا استعمال کی سرگزشت والے بچے
- معذوریوں (ذہنی بیماری، نشوونما سے متعلق، جسمانی میں) مبتلا بچے
- LGBTQ نوجوان
- پناہ گزیں، تارکین وطن، یا غیر انگریزی داں نوجوان

## جنس اور بچوں کی غیر قانونی تجارت کے لیے انتباہی نشانیاں (سرخ پرچم):

- اکثر و بیشتر اور/یا نمایاں مدت تک کے لیے گھر سے بھاگ جاتا/جاتی ہے؛
- ذہنی، جسمانی یا جنسی بدسلوکی کی نشانیاں نظر آتی ہیں؛
- ایک نمایاں حد تک رسید پارٹنر رکھتا/رکھتی ہے یا کنٹرول کرنے والے فرد یا عمر دراز بالغ کے ساتھ کافی زیادہ وقت گزارتا/گزارتی ہے؛
- گھریلو تشدد/قریبی پارٹنر کے تشدد کے اشارے یا رپورٹیں؛
- عمر کے بارے میں جھوٹ بولتا/بولتی ہے یا فرضی قسم کی شناخت لے کر چلتا/چلتی ہے؛
- رہائش آجر کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہے؛
- اہل خانہ، دوستوں یا دیگر امدادی نیٹ ورکس کے ساتھ رابطہ نمایاں حد تک کم کر دیتا/دیتی ہے؛
- دوستوں یا قانونی طور پر غیر ذمہ دار بالغ فرد کے ساتھ رکنے کے پیٹرن کا مظاہرہ کرتا/کرتی ہے؛
- وہ کس طرح پیسے کماتا/کماتی ہے، وہ کہاں رہتا/رہتی ہے، وہ کس طرح یا کب امریکہ آیا/آئی اس بارے میں گفتگو کرنے سے گریز کرتا/کرتی ہے؛
- شیڈول اور/یا پیسے پر کنٹرول کم ہوتا ہے؛
- بڑی مقدار میں پیسے یا مہنگے آئٹمز رکھتا/رکھتی ہے جس کا وہ معقول حد تک متحمل نہیں ہو سکتا/سکتی ہے؛
- سماجی خدمات، PINS، عدالتوں وغیرہ جیسے نظاموں میں شمولیت؛
- وہ اسکول میں جتنی دیر رہتا یا رہتی ہے اسے سے زیادہ دیر تک کام کرتا/کرتی ہے یا اکثر اسکول نہیں جاتا یا جاتی ہے؛
- خود کشی پر مائل خیالات اور/یا افسردگی کا تجربہ کرتا/کرتی ہے۔
- ضرر کی وضاحتیں اس کی شدت کے ساتھ غیر آہنگ ہیں؛
- اسے متعدد جنسی لحاظ سے منتقل شدہ انفیکشنز ہیں اور/یا اسقاط کروایا ہے؛
- مشکوک ٹیٹوز یا جلنے کے نشانات (برانڈنگ) ہے؛
- حد سے زیادہ شہوانی رویے کا اظہار کرتا/کرتی ہے؛
- جنسی بدسلوکی کا ثبوت کا اظہار کرتا/کرتی ہے؛
- والدین یا نگرانوں کے اتا پتا یا معلومات کا انکشاف کرنے پر آمادہ نہیں ہے؛
- بات چیت میں محدود ہے اور/یا مضطرب، خوف زدہ، افسردہ، منسکر مزاج، تناؤ زدہ یا بدحواس رویے کا مظاہرہ کرتا/کرتی ہے؛
- متاثر کے بطور نشاندہی کرنے پر آمادہ نہیں ہے یا اس سے قاصر ہے؛
- نوعمر افراد بہت دفعہ ایک ہی کہانی ایک ہی انداز میں دہراتے ہیں، جس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ کہانی رٹائی گئی ہے؛
- صورتحال کی خوبیوں (مثلاً تاخیر ہونے) کی بہ نسبت نتائج سے کہیں زیادہ ڈرا ہوا ہوتا/ہوتی ہے۔